ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(202)

مورخہ 04/04/2023

**بہاولپور(      )ڈی پی او سید محمد عباس کا بہاولپور شہر کے مختلف مقامات کے آٹا تقسیم پوائنٹس پر سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ۔ سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات۔ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز فیلڈ میں موجود۔سیکیورٹی و ترسیل کے عمل کو مزید بہتر کیا جا کر عوام کیلیے سہولیات پیدا کی جا رہی ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب اور آئی جی پنجاب کی آٹا پوائنٹس کی سیکیورٹی بارے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے سیکیورٹی کے انتظامات مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے شہر بہاولپور میں عباسیہ ہائی سکول، ڈرنگ اسٹیڈیم اور دیگر آٹا پوائنٹس کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی بارے ڈیوٹی پر موجود افسران کو مزید ہدایات جاری کیں۔آٹا پوائنٹس پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔جن کی حاضری اور ڈیوٹی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ایس ڈی پی اوز اپنے اپنے سرکل میں جبکہ ایس ایچ اوز اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں روزانہ کی بنیاد پر آٹا تقسیم کا عمل شروع ہونے سے لیکر ختم ہونے تک موجود رہتے ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے دوران وزٹ افسران و اہلکاروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔شہریوں سے حسن اخلاق سے پیش آیا جائے۔کوشش کریں کسی قسم کی بدنظمی پیدا نہ ہو، تاکہ گورنمنٹ کی طرف سے دی جانے والی سہولت کو نظم و ضبط قائم کرتے ہوئے ہر شہری تک باآسانی پہنچایا جا سکے۔پولیس کی ذمہ داری ہے کہ تمام شہریوں خصوصا بزرگ اور خواتین کیلیئے ایک ایسا ماحول مہیا کریں جس سے ان کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس دوران مشکوک افراد اور جرائم پیشہ عناصر پر بھی کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہو۔ڈی پی او نے اس موقع پر شہریوں سے بھی گفتگو کی اور آٹا تقسیم سے متعلق انکے مسائل معلوم کر کے موقع پر حل کرنے کے احکامات بھی جاری کیے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**






بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس آٹا تقسیم پوائنٹس کا وزٹ کرتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(203)

مورخہ 04/04/2023

**بہاولپور( )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون،مختلف مقدمات میں 8 ملزمان گرفتار۔05 کلو سے زائد چرس اور 110 لیٹر شراب دیسی و لہن 68 لیٹر معہ چالو بھٹی برآمد۔معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی بقا کی ضمانت ہے۔ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پرعملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ مسافر خانہ پولیس نے جوا کھیلنے والے 2 ملزمان محمد ساجد وغیرہ کو حراست میں لے کر داؤ پر لگی رقم برآمد کر لی اور جوا میں استعمال ہونے والے تاش کے پتے بھی اپنے قبضہ میں لے لیے۔اسی طرح تھانہ صدر بہاولپور اور قائمپور پولیس نے 04 ملزمان عبدالشکور،سیف علی،محمد جاوید اور محمد بلال کو گرفتار کر کے قبضہ 5 کلو 700 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور نوشہرہ جدید پولیس نے 02 ملزمان محمد اسلم اور منظور احمد کو گرفتار کر کے قبضہ سے 110 لیٹر دیسی شراب 68 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس بابرکت مہینے میں ایسے گھناونے کام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پرامن معاشرے کی بقا کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن،مختلف مقدمات میں 8 ملزمان گرفتار**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (204)

مورخہ 04/04/2023

**بہاولپور(  )ڈی پی او سید محمد عباس کا تحفظ سینٹر کی ورکنگ کو مزید بہتر اور فعال کرنے کے حوالے سے گریٹ پاکستان لورز سوسائٹی (این جی او) کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ٹرانسجینڈر کمیونٹی سمیت معاشرے کے تمام کمزور و محکوم طبقات کیلئے تحفظ سینٹر ایک حقیقی تحفظ فراہم کرنے کا عزم رکھتا ہے۔ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس نے عوامی خدمت کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے بہاولپور میں تحفظ سنٹر کا قیام عمل میں لایا تھا۔ڈی پی او کے خصوصی احکامات پر پولیس خدمت مرکز بہاولپور میں تحفظ سنٹر قائم کیا گیا تھا۔یہ تحفظ سنٹر ٹرانسجینڈر کمیونٹی سمیت معاشرے کے تمام کمزور و محکوم طبقات، بے گھر و بے سہارا بچوں، ذہنی و جسمانی معذوری کے شکار افراد اور نشے و سماجی برائیوں میں پھنسے کم عمر بچوں کی بحالی ،تحفظ اور مشکلات کے ازالے کیلئے کام کر رہا ہے۔اس سلسلے میں ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس تحفظ سینٹر اور گریٹ پاکستان لورز سوسائٹی (این جی او) کے ساتھ تعاون کو مزید تقویت دینے اور باہمی شراکت کے ساتھ معاشرے کے ان نظرانداز طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔گریٹ لورز سوسائٹی کے سربراہ نے نمائندگی کرتے ہوئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اس ایم او یو کے بعد سے بہاولپور پولیس تحفظ سینٹر ان اداروں اور متاثرہ و مدد کے مستحق افراد کیلئے ایک پل کا کام کرے گا۔جس سے کسی بھی آنے والے سائل، بچے، نشے کے عادی افراد،سماجی و معاشرتی طور پر نظرانداز افراد کو متعلقہ محکمہ یا این جی او کے سپرد کر کے تحفظ سینٹر کا نمائندہ اس کا فالواپ لے گا۔تاکہ ان افراد کی فلاح و بہبود بہتر اور تیز ترین طور پر ہو سکے تاکہ ایسے افراد معاشرے میں اپنا ایک مثبت کردار ادا کر سکیں۔مزید انہوں نے بتایا کہ این جی او وقتاً فوقتاً آگاہی مہم جاری رکھے گی اور ان نظرانداز طبقات کو شیلٹر مہیا کرے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس اور گریٹ پاکستان لوورز سوسائٹی کے درمیان MOU پر دستخط